جملہ حقوق محفوظ

…مرکزِ اشاعت (کامل بک ڈپو) لاہور کا سلسلہ مطبوعات نمبر ۱۰۰

درویشی مجربات

جس میں وہ سہل الحصول مجربات پیش کئے گئے ہیں۔ جو عالیجناب نواب محمد فتح علی خان صاحب آف ممدوٹ سٹیٹ کی خدمت میں درویشوں اور اہل تجربہ کی جانب سے پیش کئے گئے اور جو آزمائش پر صحیح اور تیر بہدف ثابت ہوئے

مولفہ

جناب حکیم محمد عبد المجید صاحب عتیقی ایچ پی

جسے …لکانِ کامل بک ڈپو (طبی مرکزِ اشاعت) لاہور نے شائع کیا

بار اول… قیمت ۶ آنے

حکیم شوکت علی

رموز العلاج

مؤلفہ زبدۃ الحکماء حکیم عبد الصمد صاحب ناگپوری

اس کتاب میں سر سے پیر تک جملہ امراض کی تشخیص ۔ ان کی علامات ۔ اسباب اور نتائج کا سلسلہ وار تذکرہ کیا گیا ہے ۔ ہر ایک مرض کا مفصل بیان اور اس کے روکنے کی تدابیر بتائی گئی ہیں ۔ اور پھر ان کے تیر بہدف اور سینکڑوں دفعہ کے مجرب متعدد نسخہ جات ترتیب کے ساتھ درج ہیں پیچیدہ اور عام امراض کے درمیان اس خوبی سے فرق ظاہر کیا گیا ہے ۔ کہ غیر طبیب بھی نہایت آسانی سے انہیں سمجھ سکتا ہے ۔ علاوہ ازیں حفظانِ صحت کے زریں اصول بھی لکھ دیئے گئے ہیں ۔ غرض یہ کتاب وقت پر حکیم حاذق کا کام دے سکتی ہے ۔ قوتِ باہ اور پوشیدہ امراض خاص طور پر روشنی میں لائے گئے ہیں ۔ کتاب کے شروع میں شناختِ نبض و قارورہ ۔ تھرمامیٹر و دیگر آلاتِ شناخت پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے ۔

قیمت مجلد سنہری دو روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ

کامل بک ڈپو (طبی مرکز اشاعت) لاہور



مقوی غذائیں

مؤلفہ زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبد الصمد صاحب ناگپوری اس کتاب میں تندرستوں ، مریضوں اور ضعیفوں کیلئے مبہی مقوی ، مفرح اور لذیذ غذاؤں کی اصولی اور حکیمانہ ترکیبیں لکھی گئی ہیں ۔ انکے خواص اور فوائد بھی درج ہیں ۔ انسانی صحت کا انحصار غذا کی پختگی مصالحہ کی درستی اور جنس پختنی کی مناسبت پر ہی اور انہیں امور کے پیشِ نظر یہ کتاب لکھی گئی ہے قیمت ۱ہر

کامل بک ڈپو لاہور

العین

مؤلفہ حکیم عبد العزیز صاحب کامل مرحوم

ایل ، ایم ، ایس ۔ ایچ ، پی ، ایچ ، ایچ

اس میں آنکھوں کی حفاظت ۔ تشریح امراض ۔ اسباب و علامات اور علاج وغیرہ کے متعلق طبِ قدیم و جدید کی روشنی میں مکمل معلومات پیش کی گئی ہیں ۔ عینکوں کے استعمال ۔ آنکھوں کے اپریشن کے متعلق جدید آلات کا بھی ذکر ہے ۔ اسکے علاوہ مجلی چشم نسخے اور مقوی دماغ مجربات بھی درج ہیں ۔ غرض علم و عمل چشم پر ایک بسیط اور قابل قدر کتاب ہے ۔ قیمت مجلد سنہری ایک روپیہ چھ آنے (پہ)

ملنے کا پتہ

کامل بک ڈپو

طبی مرکز اشاعت لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

معروضات

"درویشی مجربات" نواب محمد فتح خاں صاحب مدظلہ العالی کی سالہا سال کی عرق ریزیوں اور اُن کی متجسس اور تحقیق شعار طبیعت کی کاوشوں کا قابلِ قدر اور حکمت آموز ثمرہ ہے۔

نواب صاحب مدظلہ العالی کی ذات ستودہ صفات اس امر کے لئے ہدیہ تبریک کی مستحق ہے کہ اُنہوں نے انتہائی جانفشانی سے بڑے بڑے سنیاسیوں عالموں۔ درویشوں اور خدا رسیدہ بزرگوں کے سینوں کی پوشیدہ و مستتر تحریروں کو نہایت ہوشیاری سے پڑھا اور وہ تمام گنجینہ ہائے راز جو سینہ بسینہ منتقل ہوتے چلے آرہے تھے۔ حاصل کر کے عوام کی بہبودی و فلاح کے لئے پیش کر دیئے۔

اقامتِ حیدرآباد کے زمانے میں

متعدد مشہور سنیاسی اور معروف خدا رسیدہ بزرگ آپکی تجسس پسند طبیعت کے مقناطیسی اثرات کے ماتحت کھنچے چلے آتے تھے۔ نواب صاحب کی اُن سے گھنٹوں گفتگو رہتی تھی اور گفتگو و بحث کا موضوع عموماً ہمیشہ سہل الحصول قلیل الاجزا اور کثیر المنفعت نسخوں کی ترتیب و تحقیق ہوا کرتا تھا۔ بارہا ایسا ہوا کہ نواب صاحب ممدوح کی کوٹھی پر ہی اُن نسخوں کا تجزیہ و تجربہ کیا گیا۔

ہر چند مجربات کی اشاعت و تدوین طبی دنیا میں ایک افسانہ رسوا کی حیثیت رکھتی ہے

حجازی پریس لاہور باہتمام حافظ محمد اسمٰعیل پرنٹر چھپا اور عبدالمجید عتیقی پبلشر نے چھپوایا

تاہم اِس حقیقت کی اہمیت سے کسی کو مجالِ انکار نہیں ہو سکتی کہ مفید اور مجرب نسخہ جات کی تدوین شدید ضروری ہے اور اِس خیال کے پیشِ نظر مجھے ہمیشہ سہل الحصول اور کثیر المنفعت نسخوں کی جستجو رہی ہے۔ میرے بعض طبیب اور تجرباتی دوستوں نے مجھ سے محض اس لیئے وجہ احتراز پیدا کر لی کہ میں مفید نسخہ انسانی فلاح کیلئے شائع کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ اَلحمدُللہ کہ نواب صاحب ممدوح نے اپنی روائتی وسعتِ قلبی کے پیش نظر اپنی سالہا سال کی کاوش اور گنجینۂ تجربات کو میری استدعا پر میرے روبرو [illegible] دیا اور مجھے اِسکی عام اشاعت کی اجازت بخشکر انسانیت پر بلاشبہ ایک احسانِ عظیم کیا۔

نسخہ جات کے اِس مختصر مگر جامع ذخیرہ کے بعد میں نے سب سے پہلا کام جو کیا وہ اِن نسخوں اور مجربات کی آزمائش تھا۔ اَلحمدُللہ کہ میں نے اُن تمام مجربات کو جو میرے زیرِ تجربہ رہے تحقیق کی کسوٹی پر پرکھ میں پورا پایا۔ نسخہ جات صِرف مفردات کا خالی خولی مرکب نہیں ہیں۔ بلکہ ہر نسخہ اپنی ترکیب عناصر میں ایک اختصاص لیئے ہوئے ہے۔ فلاح و بہبودِ عامہ کے پیش نظر میں اِن قیمتی مجربات کو صحیح معنوں میں دیسی طبِ قدیم کا نچوڑ اور موجودہ طبابت کی روح و عطر کہلانے کے مستحق ہیں۔ شائع کرنے کی جرأت کرتا ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ میری اِس مخلصانہ مساعی اور نواب صاحب ممدوح کی وسعتِ قلبی کے پیش نظر اِس بے بہا گنجینۂ حکمت کو قدردانی اور انصاف کی نگاہوں سے دیکھا جائے گا۔

اگر پبلک نے اِس سے قرار واقعی استفادہ کیا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت ٹھکانے لگی۔

عبدالمجید عتیقی عفی عنہ
یکم ستمبر ۱۹۳۶ء

لاہور
کامل بکڈپو

امراضِ سر و اعصاب

ضعفِ دماغ:۔ بادام کی ایک گری گھس کر پئیں۔ دوسرے روز دو۔ اسی طرح ایک سو ایک تک استعمال کریں۔ پھر اسی طرح ایک ایک گری کم کرتے جائیں اور ایک تک لائیں۔

فوائد:۔ ضعفِ دماغ کو دور کرنے میں بے مثل ہے۔

جنون:۔ بھسوڑے کی نصف سیر چھال دس سیر پانی میں جوش دیکر اس سے غسل کریں۔

فوائد:۔ چودہ روز میں دیوانگی دور ہو جائے گی۔

پرانا دردِ سر:۔ عرق برگِ مدار ناک کے دونوں سوراخوں میں تین قطرے ٹپکائیں۔

فوائد:۔ پرانے دردِ سر کو روکتا ہے۔

دردِ سر:۔ قدرے دیسی شکر آگ پر ڈالکر اس کا دھواں ناک میں پہنچائیں۔

فوائد:۔ دردِ سر کو فوراً آرام ہوگا۔

ایضاً:۔ چوہے کی دم کو مثلِ تعویذ سر پر باندھیں۔

فوائد:۔ سر کا درد جاتا رہے گا۔

مقوی بادام:۔ بادام مقشر اور پان پختہ ہموزن لیکر دونوں کے مساوی خشخاش سفید اور ہر سہ کے برابر قندِ سفید ملا کر باریک سفوف بنالیں۔ صبح نہار منہ ایک تولہ کھایا کریں۔

فوائد:۔ مقوی دماغ، مفرح قلب اور نزلے میں مفید ہے۔

دردِ شقیقہ:۔ آنولہ اور پٹھانی لودھ ہموزن کوٹ کر گھی میں کوٹ کر باسی پانی میں پیسکر پیشانی پر لیپ کریں۔

فوائد:۔ دردِ شقیقہ (نصف سر کا درد) کیلئے مجرب ہے۔

بثور سر :- پوست اخروٹ کو جلاکر باریک پیس لیں۔ اور زخموں پر چھڑکیں۔
فوائد :- سر کی پھنسیوں کے لئے عجیب چیز ہے۔
دردِ سر رحجی :- چھوٹی الائچی کو باریک پیسکر ناک میں پھونکیں۔
فوائد :- چھینکیں آکر درد رفع ہو جائے گا۔
مرگی (صرع) گلہری نر لیکر پوست اور آلائش سے صاف کر کے گوشت کی طرح پکا کر مریض کو کھلائیں۔
فوائد :- ... چند روز کے استعمال سے مرگی دفع ہو جائے گی۔
ایضاً :- زنبور سیاہ جسے اہلِ ہند بھونرا کہتے ہیں مردہ لیکر کسی پارچے میں لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھیں۔
فوائد :- مرگی کو دور کرتا ہے۔
ایضاً :- زندہ کنکھجورہ بانس کی نلکی میں بند کر کے گلے میں ڈالیں۔
فوائد :- مرگی اور ام الصبیاں میں مجرب ہے۔
ایضاً :- اونٹ کی ناک کے کیڑے جو موسم سرما میں نکلتے ہیں خشک کر کے رکھ لیں بوقتِ ضرورت چوتھائی کیڑا دودھ میں گھولکر پیئیں۔
فوائد :- صرع کو فوراً آرام ہو گا۔
ایضاً :- بھیڑیا گوشت کھاتا ہے تو بعض اوقات اس کے براز میں ہڈی بھی نکلتی ہے۔ اسے حاصل کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں
فوائد :- مریض صرع کو بہت جلد صحت ہو گی۔
لقوہ :- ہلیلہ کابلی دکا بلی ہڑ) منہ میں رکھیں۔
فوائد :- کچھ عرصے میں لقوہ رفع ہو جاتا ہے۔
لقوہ وفالج :- نربد بوٹی ایک تولہ، مصری ایک تولہ پانی میں پیسکر پلائیں۔

فوائد :۔ چند روز میں لقوہ اور فالج کو آرام ہوگا۔
رعشہ :۔ کلونجی تولہ ۔ نکچھکنی ۲ ماشہ ۔ منڈی تولہ باریک پیسکر شہد میں ملاکر صبح و شام چاٹا کریں۔
فوائد :۔ رعشہ کیلئے مجرب ہے۔
گنج :۔ رسکپور تولہ گھی اکیس بار دھویا ہوا دو تولہ ۔ دونوں کو ملاکر مرہم بناکر لگائیں۔
فوائد :۔ گنج کے لئے مجرب ہے۔

امراضِ چشم

ضعف بصارت :۔ دو عدد ہلیلہ لیکر جب خشکہ (چاول) کو دم پر رکھیں تو انہیں خشکہ میں دبادیں۔ جب چاول تیار ہو جائیں تو ہلیلے نکال لیں اور بطور سلائی آنکھ میں پھیریں۔
فوائد :۔ ضعف کو دور کر کے بینائی کو تیز کرتا ہے۔
نزول الماء ودھند :۔ سرس کے سبز پتوں کا عرق نکالکر آنکھوں میں ٹپکائیں۔
فوائد :۔ دھند اور آنکھوں سے پانی آنے کو مفید ہے۔
آشوبِ چشم :۔ بارہ سینگا حنا لاسہ پر گھسکر دونوں شانوں کے درمیان لیپ کریں۔
فوائد :۔ آشوب چشم کیلئے مجرب ہے۔
ایضاً :۔ جس وقت آنکھ آنے لگے یا گمان ہو کہ آنکھ آنے والی ہے اُسی وقت اس سمت کے کان میں روئی ٹھونس دیں۔ اگر دونوں آنکھوں کے دُکھنے کا اندیشہ ہو تو دونوں کانوں میں روئی ٹھونس دیں۔
فوائد :۔ دو تین گھنٹے میں بالکل صحت ہو جائے گی اور آنکھ ہرگز نہ دُکھے گی۔

ایضاً آشوب چشم :۔ افیون ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی ۳ تولہ۔ رسوت ۶ تولہ لوہے کے برتن میں قدرے پانی ڈالکر پکائیں اور آنکھ کے گرد لیپ کر دیں۔

فوائد :۔ آشوب چشم کیلئے مجرب دوا ہے۔

ایضاً :۔ برگ آباز ترش کو پیسکر ٹکیاں بناکر آنکھ پر رکھیں اور اوپر سے روئی کے پھاہے رکھکر پٹی باندھیں۔

فوائد :۔ ایک ہی رات میں نفع ہوگا۔

ایضاً :۔ شہد خالص آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد :۔ اسی وقت آرام ہوگا

سرمہ برائے امراض چشم :۔ سرمہ سیاہ تولہ۔ پتہ روہو مچھلی ایک عدد۔ بیضہ چیل معہ زردی و سفیدی دو عدد سب کو کھرل کر کے آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد :۔ آنکھ کے جملہ امراض میں مجرب ہے۔

ایضاً :۔ پھٹکڑی بریاں و نبات سفید ہموزن کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں۔

فوائد :۔ ضعف بصر۔ پھولا اور غبار وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ بلکہ کحل الجواہر کا کام دیتا ہے

سرخی و درد چشم :۔ عرق برگ دھتورہ گیارہ قطرے کان میں ڈالیں۔

فوائد :۔ انشاء اللہ سرخی چشم اور درد چشم جاتا رہے گا۔

امراض گوش

ثقل سماعت :۔ چالیس جگنو پکڑکر شیشی میں بند کر کے اوپر دو تولہ روغن شیریں ڈالیں اور چالیس روز دھوپ میں رکھیں اور پھر کان میں ڈالا کریں۔

فوائد :۔ ثقل سماعت کو رفع کرتا ہے۔

ایضاً :۔ ایک پیسے کے روغن سرسوں میں چار پانچ فلوس طاؤس تراشکر ڈالیں۔

اور آگ پر رکھیں۔ جب جل جائیں تو روغن صاف کر کے کان میں ڈالیں۔
فوائد:۔ چند روز میں ہر قسم کا بہرہ پن دور ہو جاتا ہے۔
ناسورِ گوش:۔ روغن رال خانہ ساز نیمگرم کان میں ٹپکائیں اور ترشی سے پرہیز کریں۔
فوائد:۔ ناسورِ گوش کا قلع قمع کرنے میں مجرب ہے۔
دردِ گوش ریاحی:۔ انگوزہ بمقدار عدس در شیر زن حل کردہ در گوش بچکانند۔
فوائد:۔ گرانی گوش و درد گوش ریاحی دفع شود۔
دردِ گوش:۔ زعفران در عرق ادرک سائیدہ نیمگرم در گوش بچکانند۔
فوائد:۔ درد رفع شود۔
کرمِ گوش:۔ عرق برگ شفتالو برآوردہ قدرے در گوش بچکانند۔
فوائد:۔ کرم ہلاک شود۔

امراضِ بینی

ناک کی اندرونی رسولی:۔ بیسن حقے کے پانی میں گھس کر لگائیں۔
فوائد:۔ ناک کے اندر جو رسولی ہوتی ہے اسے نیست و نابود کرتا ہے۔
رعاف (نکسیر):۔ اگر خون دائیں نتھنے سے جاری ہو تو بائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی اس کے پاس والی چھوٹی انگلی کے ساتھ خوب مضبوط باندھیں اور اگر بائیں سے جاری ہو تو دائیں ہاتھ والی باندھیں۔
فوائد:۔ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔

امراضِ دہن

شقاقِ لب:۔ ناف کو کسی روغن سے چکنا کریں۔
فوائد:۔ ہونٹ کا پھٹنا اور درد فوراً جاتا رہے گا۔
تقویتِ دنداں:۔ ولائیتی ارنڈ کی لکڑی سے مسواک کریں۔
فوائد:۔ دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔
سنون دندان:۔ توے کی سیاہی پر دو تین قطرے روغن کنجد سیاہ کے ڈالکر رات کو سوتے وقت خوب مالش کریں۔ اور پھر کلی نہ کریں ویسے ہی سو جائیں۔
فوائد:۔ اس کے روزانہ استعمال سے تازیست دانت کمزور نہ ہوں گے مجرب المجرب ہے۔
دردِ دنداں:۔ روغن تلخ ہر روز صبح دانتوں پر مل کر گرم پانی سے کلی کر لیا کریں۔
فوائد:۔ چند روز میں درد کافور ہو جاتا ہے۔
ایضاً:۔ کبابہ ۶ ماشہ۔ بابرنگ ۶ ماشہ پانی میں جوش دے کر کلی کریں۔
فوائد:۔ دانتوں کے درد کے لئے مجرب ہے۔
بچوں کے دانت جلد نکالنا:۔ بچوں کے مسوڑھوں پر روزانہ مکھن مل دیا کریں۔
فوائد:۔ دانت جلد نکل آتے ہیں۔
بچوں کا دانت آسانی سے نکالنا:۔ بنولہ کو خشکہ کے ساتھ اُبال لیں جب خشکہ دم ہو جائے تو بنولے الگ کر کے اُن کے اندر کا مغز نکالکر دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں۔
فوائد:۔ بچہ دانت نہایت آسانی سے نکالتا ہے۔

جنبشِ دنداں :- پوست کیکر سایہ میں خشک کر کے کپڑ چھان کر لیں اور روزانہ دانتوں میں منجن کیا کریں۔

فوائد :- ہلتے ہوئے دانت مضبوط ہو جائیں گے۔ اور دُکھتے ہوئے دانت بھی اچھے ہو جائیں گے۔

ایضاً :- رال کو پیس کر دانتوں پر مل کر رات کو سو رہیں۔ کلی وغیرہ نہ کریں۔

فوائد :- چالیس روز میں دانت ہلنا موقوف ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔

ورم لثہ :- ارنڈ خربوزے کا دودھ اُنگلی پر لگا کر مسوڑھوں پر خوب ملکر لعاب گرائیں۔

فوائد :- ورم میں فوراً تخفیف ہو گی۔

تگنت :- سفید پتھر ۳ عدد۔ بمقدار بیر لیکر کسی تالاب یا دریا یا جھیل کے کنارے پانی کیطرف رُخ کر کے کھڑا ہو اور زبان کو باہر نکال کر۔ پتھروں کو زبان پر رکھکر زور زور سے آ۔ آ۔ آ۔ آ۔ آدھ گھنٹے تک چلائے۔

فوائد :- چند روز میں زبان کُھل جائے گی۔

امراض حلق وگلو

خناق :- نیلوفر کی جڑ منہ میں رکھیں۔

فائدہ :- خناق اور ورم حلق کے لئے مفید ہے۔

ایضاً :- پتہ گاؤ و بچہ گوسفند کو طلا کریں۔

فوائد :- فوراً خناق تحلیل ہو جاتا ہے۔

خنازیر (کنٹھ مالا) :- پان مع مصالحہ کھا کر او گال کو جائے ماؤف پر باندھیں

فوائد :- خنازیر کو دور کرنے میں سودمند ہے۔

ایضاً :۔ پودینے کو پیسکر چند روز لگانا بھی یہی نتائج مرتب کرتا ہے۔
" :۔ مٹی کے تیل کی چند بوندیں بلحاظِ عمر شکر یا بتاشے میں ڈال کر کھلائیں۔
یعنی ۳ سال کی عمر تک ایک بوند۔ ۳ سال سے، ۷ سال تک ۲ بوند۔ سات سے
بارہ سال تک ۳ بوند۔ اور بارہ سال سے اوپر عمر میں ۴ بوند۔
فوائد :۔ کچھ عرصے میں خنازیر کا نام تک نہیں رہے گا۔

امراضِ سینہ و شش

دردِ سینہ :۔ مغز بادام ۳ عدد۔ مغز املتاس ۲ تولہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے۔
سب کو پیسکر بوقت صبح کھلائیں۔
فوائد :۔ چار پانچ روز میں دردِ سینے کو کلی شفا ہو گی۔
ایضاً :۔ گائے کے چمڑے کے ٹکڑے جلا کر کوئلہ کر لیں (راکھ نہ ہونے پائے)
اور پیسکر ۲ ماشہ روزانہ مکھن۔ بالائی وغیرہ کے ساتھ کھلائیں۔
فوائد :۔ کچھ روز میں دردِ سینہ موقوف ہو جائے گا۔
دردِ پسلی :۔ تخم سویا سرکے میں پیسکر نیم گرم ضماد کریں۔
فوائد :۔ دردِ پسلی کے لئے مفید ہے۔
کھانسی :۔ مغز سنگوٹ ۳ تولہ باریک پیسکر شہد خالص ۵ تولہ میں ملا کر ۶ ماشہ
روزانہ کھلائیں۔
فوائد :۔ کھانسی کیلئے اکسیر ہے۔
ایضاً :۔ بنفشہ کا تیل ناف پر ملیں۔
فوائد :۔ کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔
ایضاً :۔ منقیٰ کے بیج نکالکر اسمیں ۳ عدد فلفل سیاہ رکھ کر چبائیں اور منہ میں

رکھ کر سو جائیں۔
فوائد:۔ دو تین روز میں کھانسی کافور ہو جائے گی۔
دمہ:۔ ناریل کے درخت کی لکڑی کا ٹکڑا لیکر اس کے اوپر کے چھلکے کو دور کر کے صراحی یا گھڑے میں ڈالدیں۔ مریض صرف اس کا پانی پیئے۔
فوائد:۔ چالیس روز میں دمہ کو آرام ہو جائے گا۔
ایضاً:۔ آم کے درخت پر جو کیڑے سوتے ہیں اور پتوں کا گولا بنا کر اس میں رہتے ہیں وہ چیونٹے لیکر ہانڈی میں بند کر کے پھونک لیں۔ سیاہ خاک ہو جائے گی۔ ۲ رتی پان میں رکھ کر مریض کو کھلائیں۔
فوائد:۔ چند روز میں دمہ جاتا رہے گا۔ اگر دورہ سخت ہو تو خوراک ۴۔۵ رتی تک کر دیں۔ غذا مرغن کھلائیں۔
پرانی کھانسی:۔ مکھن۔ مصری اور صمغ عربی ہر ایک ایک تولہ باہم ملا کر صبح کے وقت کھائیں۔

امراضِ قلب

ضعف و اختلاجِ قلب:۔ مکھن۔ بالائی خالص۔ عرق کیوڑہ۔ مصری ہر ایک ۲ تولہ سب کو باہم ملا کر رات کو شبنم میں رکھدیں۔ اور صبح نوش کریں۔
فوائد:۔ ضعفِ قلب اور اختلاجِ قلب کو دور کرتا ہے۔
اختلاجِ قلب:۔ چقندر کو مقشر کر کے چند قاشیں بنائیں اور ایک آبخورہ گلی کے پیندے میں سوراخ کر کے ایک قاش اس میں رکھیں اور اس پر قند سفید چھڑکیں۔ اسی طرح سب قاشیں رکھ کر سوراخ کے نیچے چینی کا پیالہ رکھکر شب بھر شبنم میں رکھیں۔ صبح جس قدر پانی پیالی میں جمع ہو وہ پی لیں۔

فوائد:- چند روز میں اختلاجِ قلب دور ہو جائے گا۔ اس دوران میں ترکاری بھی چقندر کی استعمال کریں۔

امراضِ معدہ وامعا

عوارضِ شکم:- حنظل (اندرائن) کا خام پھل لیکر چند قاشیں کریں اور ان پر خوردنی چونہ ہر روز لگا کر خشک کر لیا کریں۔ چوتھے روز شکر کا قوام کر کے اسمیں یہ قاشیں ڈالدیں۔ ایک قاش ہر صبح کھا لیا کریں۔

فوائد:- اکثر امراضِ شکم میں مفید ہے۔

ضعفِ معدہ:- گلِ عباسی کی بھجیا پکا کر یا اس کی جڑ وغیرہ گوشت میں پکا کر کھائیں۔

فوائد:- ضعفِ معدہ کو دور کر کے قوت بخشتی ہے۔

تبخیر:- سونف ۹ تولہ۔ دانہ الائچی سرخ ۳ تولہ۔ شکر خام تولہ سفوف کر کے کھانے کے درمیان ایک کف دست کھائیں۔

فوائد:- تبخیر رو کنے کیلئے مجرب ہے۔

قبض:- املتاس کے پھول سایہ میں خشک کر کے ہموزن مصری ملا کر سفوف تیار کریں ۲ ماشہ روزانہ شربت بنفشہ ۲ تولہ یا پانی کے ہمراہ کھائیں۔

فوائد:- قبض کو دور کرنے کے لئے مجرب ہے۔

مسہلِ عجیب:- کسٹرائل کو گرم کر کے اسمیں سرخ مرچ کے بیج اسی قدر ملائیں جس قدر اسہال لانے مقصود ہوں۔ بعدہٗ چھان کر دودھ ملا کر پی لیں۔

فوائد:- رفع قبض اور تصفیہ معدہ کے لئے مفید ہے۔

اسہال:- نمک اور کلونجی کو پیس کر گھی ملا کر زیر ناف مالش کریں۔

فوائد :- اسہال کے لئے نہایت مفید ہے۔
ایضاً :- پیاز بھوبھل میں دبا کر کھائیں۔
فوائد :- اسہال کے لئے سود مند ہے۔
پیچش :- بوتل کا کاگ جلا کر اس کی راکھ پیس لیں اور دہی میں ملا کر دو تین مرتبہ کھائیں۔

حکیم شوکت علی

فوائد :- پیچش کا مجرب علاج ہے۔
ایضاً :- برگِ امرود ۲ مٹھی لیکر ½ سیر دودھ میں جوش دیکر چھانکر رکھ لیں اور تھوڑا تھوڑا شام تک پلائیں اور کوئی غذا نہ دیں۔
فوائد :- انشاءاللہ ایک ہی روز میں نجات ہوگی۔
ہیضہ :- چونے اور حقہ کا پانی باہم ملا کر پلائیں
فوائد :- ہیضے کے لئے مجرب ہے۔
ہچکی :- دس بارہ بتاشے تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ایک چھٹانک رہ جائے تو اتار کر سرد کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔
فوائد :- ہچکی روکنے کے لئے نہایت مفید ہے۔
دردِ قولنج ریحی :- گدھے کی تازہ لید کا عرق اور تھوڑا سا نمک سیاہ گرم کر کے عرق میں ملا کر پلائیں۔
فوائد :- درد قولنج ریحی فوراً موقوف ہو جائے گا۔
آنت اُترنا :- مربائے اورک ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک روزانہ کھائیں۔
فوائد :- آنت اُترنے کا مجرب علاج ہے۔
کینچوا :- سبز مٹر پانی میں جوش دے کر پلائیں۔
فوائد :- کینچوا نکالنے کے لئے مفید ہے۔

درد کمر :۔ مغز تخم کرنجوہ کی ایک دال کمر میں باندھیں۔
فوائد :۔ درد کمر دور ہو جائے گا۔ اور اُٹھتے بیٹھتے چمک نہ ہو گی۔
درد پشت :۔ عرق لگروندہ ۱۲ تولہ۔ آرد گندم ۵ تولہ ہموزن گھی ملاکر گوندھ کر روٹی پکاکر کھائیں۔ فوائد :۔ چھ روز کھانے سے درد پشت کو بیحد نفع کرتا ہے۔

امراض جگر و طحال

ذیابیطس :۔ بیخ کنیر ۲ تولہ کو نصف وزن دال نخود کے ہمراہ پانی میں اس قدر پکائیں کہ دال گل جائے۔ اور پانی بالکل خشک ہو جائے۔ لیکن زیادہ نہ گلائیں چند روز اسی طرح بناکر کھائیں۔
فوائد :۔ ہفتہ عشرہ میں ذیابیطس سے شفا ہو گی۔
طحال :۔ ایک کپڑا طحال کے برابر کاٹ کر گھی میں تر کریں۔ اور پھر عرق برگ سہنجنہ میں جس میں نمک سیاہ شامل ہو تر کر کے توے پر گرم کر کے مقام طحال پر چسپاں کریں۔ روزانہ کپڑا بدل دیا کریں۔
فوائد :۔ طحال (تلی) کو بہت جلد صحت ہو گی۔
ایضاً :۔ ۲ تولہ گوڑ تین برس کا پرانا لیکر اسمیں پیسہ رکھکر گولی بناکر ۲ تولہ عرق لیموں ڈال کر رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح پیسہ الگ کر کے گوڑ عرق میں خوب گھولکر مریض کو پلائیں۔
فوائد :۔ سات روز متواتر استعمال سے طحال (تاپ تلی) سے نجات مل جاتی ہے۔
ایضاً :۔ ارنڈ خربوزہ کے جسے ارنڈ ککڑی بھی کہتے ہیں بیج نکالکر اس میں ۱۲ تولہ مرچ سیاہ اور ۱۲ تولہ نمک لاہوری پیسکر بھر دیں۔ ایک ہفتہ بعد تراشکر ایک ایک تولہ صبح و شام کھایا کریں۔

فوائد :- عظم طحال کیلئے نہایت مفید ہے۔
ایضاً :- کچا پیاز تراشکر مقام ورم پر دو چار روز مالش کریں۔
فوائد :- اگر طحال کسی طریق سے بھی نہ جاتی ہو تو اس علاج سے بہت جلد چلی جاتی ہے۔
ایضاً :- پرانے سرکہ میں باجرہ کے آٹے کی پتلی سی لیٹی پکاکر مقام طحال پر لیپ کریں۔ اور دھوپ میں لیٹیں۔
فوائد :- چند روز میں مرض طحال جاتا رہے گا۔
یرقان :- وقت صبح ایک مولی لیکر اس کے پتے گھوٹ کر پانی نکالیں اور نصف کوپ پانی میں تھوڑا گوڑ ملاکر پلائیں۔
فوائد :- چار پانچ روز میں یرقان رفع ہو جائے گی۔
ایضاً :- بیا کے گھونسلے میں تلاش کرنے سے بعض اوقات ایک پتھر مل جاتا ہے۔ اسے مریض ہاتھ میں لیکر دھوپ میں کھڑا ہو جائے اور پتھر کو ہاتھ سے ملتا رہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مریض کے جسم سے سایہ سا اُتر رہا ہے۔ پندرہ بیس منٹ تک یہ عمل کرتے رہا کریں
فوائد :- چند روز میں یرقان جاتا رہے گا۔ نہایت عجیب علاج ہے۔
درد باؤ گولہ :- ہیرا ہلنگ بریاں ۶ ماشہ۔ نمک لاہوری ۶ ماشہ باہم یک جا سفوف بناکر ۲ ماشہ کھائیں۔
فوائد :- درد باؤ گولہ میں مفید ہے

امراض گردہ و مثانہ

درد گردہ :- ہینگ اصلی جوار کے برابر اور موم خام چنے کے برابر لیکر صبح و شام نیم گرم پانی سے کھائیں۔

فائدہ :- دردگردہ میں اور بطور حفظِ ماتقدم نہایت مفید ہے۔
ایضاً :- عصارہ ریوند پیسکر ۲ تولہ گلقند آفتابی میں ملکر صبح کے وقت کھائیں اور اُوپر سے عرقِ سونف نیمگرم پیئیں۔
فوائد :- دو تین دست اور ایک قے آکر دردگردہ اور درد قولنج موقوف ہو جاتا ہے
ایضاً :- فاختہ کا گوشت پکا کر کھائیں
فوائد :- دردگردہ کے لیئے نہایت مفید ہے۔
ایضاً :- عرق بیل بوٹی ۵ تولہ میں گوڑ ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔
فوائد :- دردِ گردہ کے لیئے اکسیر اعظم ہے۔ اور بواسیر ہر قسم کو بھی سود مند ہے۔
سنگِ گردہ و مثانہ :- ایک جگنو کا سر کاٹ کر خشک کر کے ہینگ کے خیساندہ کے ہمراہ پیئیں۔
فوائد :- تین روز میں سنگ گردہ و مثانہ کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے۔
سنگ مثانہ :- مغز تمر ہندی سبز کا عرق نکال کر ۳ تولہ وزن کر کے ایک سیر چھاچھ میں ڈال کر پلائیں اور چھاچھ کے علاوہ اور کچھ نہ پلادیں۔
فوائد :- تین روز کے استعمال سے سنگِ مثانہ کو خارج کرتا ہے۔
ایک نل کا درد :- جس طرف درد ہو اُس طرف کے ہاتھ کی کلائی پر ایک بڑی چھالیہ (سپاری) خوب کس کر باندھیں۔
فوائد :- بہت جلد نل کا درد موقوف ہو جائے گا۔
ناف ٹلنا :- بیخ گدکھر ہاتھ سے اُکھاڑ کر مقام ناف پر باندھیں۔ اُکھاڑنے کے لیئے لوہا وغیرہ ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ اثر زائل ہو جائے گا۔
فوائد :- ناف فوراً اپنے اصلی ٹھکانے پر آجائے گی۔

امراضِ جلد

داد :- پوسٹ کارڈ جلا کر اسے تیل میں حل کر کے لگائیں۔

فوائد :- داد کا شافی علاج ہے۔

ایضاً :- عرق پیاز میں صابون دیسی گھسکر لیپ کریں۔

فوائد :- داد کو بہت جلد صحت ہوگی۔

ایضاً :- رسکپور کو شیر بز میں خوب کھرل کر کے لگائیں۔

فوائد :- داد کے لئے مجرب ہے۔

برص :- چیل سینڈ کے سُرخ پھول اور گائے کے گوشت کا قیمہ ایک لقمہ دونوں روغنِ زرد گاؤ میں تل کر صبح نہار منہ کھلائیں۔

فوائد :- ۱۱ روز کا متواتر استعمال برص کو دفع کرتا ہے۔

ابتدائی برص :- روزانہ صبح کے وقت شبنم داغوں پر لگایا کریں۔

فوائد :- ابتدائی برص کے لئے مفید ہے۔

ایضاً :- بادام کی گری ٹنکچر آیوڈین میں گھسکر لگائیں۔

فوائد :- چند روز میں ابتدائی برص جاتا رہے گا۔

برص :- برگ سرو بستانی ۲ تولہ سرکہ خالص ۴ تولہ میں پیس کر مالش کریں۔

فوائد :- برص کو دفع کرتا ہے۔

جذام :- کیوڑہ کے سالم پھول کو کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔ گھی کا استعمال بکثرت کرائیں۔

فوائد :- چالیس روز میں جذام دفع ہو جائے گا۔

ناسور :- سفید گھونگچی گھسکر لیپ کریں۔

فوائد :- ناسور کو فوراً بند کر دیتی ہے۔

ایضاً :- شیر کے داہنے ہاتھ کے پنجے کی ہڈی گھسکر دن میں تین بار لگائیں۔

فوائد :- بہت جلد ناسور سے نجات مل جاتی ہے۔

خارش تر :- برگِ مدار آگ میں جلاکر اس کی راکھ جسم پر ملیں۔

فوائد :- خارش تر کو مفید ہے۔

گوکھرو :- دیسی کاغذ برنگ سفید جو اکثر بانس کا کاغذ مشہور ہے۔ ایک بالشت لمبا فتیلہ بناکر ایک طرف آگ لگاکر گوکھرو کو (جو اکثر ہاتھ پر لگتا ہے سینکیں۔

فوائد :- نصف فتیلہ جلنے پر گوکھرو مع بیخ برآمد ہوگا۔ مجرب ہے۔

ورم چوٹ :- دہی میں کپڑا تر کرکے اور کچھ گاڑھا گاڑھا دہی اس پارچہ پر اور لگاکر پٹی باندھیں۔

فوائد :- چوٹ کے ورم کو تحلیل کرنے کے لئے مفید ہے۔

پاؤں کا ٹیڑھا ہونا :- بام مچھلی کا تیل نکال کر مالش کریں۔

فوائد :- چند روز میں پاؤں درست ہوجائے گا۔

ایضاً :- بوقت سورج گرہن زمین میں گڑھا کھود کر ٹیڑھے پاؤں کو گڑھے میں رکھے اور اوپر سے مٹی بھر دے بعد گرہن کے نکالے۔

فوائد :- انشاءاللہ پاؤں سیدھا ہوگا۔

جوتے کا زخم :- بانس پانی میں رگڑ کر لگائیں۔

فوائد :- جوتے سے پاؤں میں جو زخم ہوگیا ہو اُسے مندمل کرتا ہے۔

آتشک :- سیاکھو رسال کی لکڑی نکاکر ٹھ ایک ماشہ باریک پیسکر پھنکائیں اور تمام دن میں سکہ کا گھی تھوڑا تھوڑا کرکے کھلائیں

فوائد :۔ دو تین دست آگر انشاء اللہ ایک ہی خوراک میں آتشک دفع ہوگا۔
ایضاً :۔ شنگرف ۔عقرقرحا ۔ماجو ۔مروار سنگ ۔ہر ایک تین ماشہ باریک پیسکر دو حصے کرلیں اور ایک حصہ دوا بوقت شب مریض کو حقہ میں پلائیں۔ اسی طرح تین تین گھنٹے کے بعد حقے میں رکھکر پلائیں اور رات بھر سونے نہ دیں۔ اگر مریض سو گیا تو سخت نقصان ہوگا۔ صبح کو دال تہوڑ بغیر نمک مرچ پکاکر نانِ گندم کے ہمراہ کھلائیں اور گھی جس قدر چاہیں کھلائیں۔ غذا پندرہ روز تک یہی رہے۔
فوائد :۔ انشاء اللہ اول ہی روز میں آتشک سے نجات ہوگی۔
آگ میں جلنا :۔ دیسی شکر کا شربت بناکر اس میں پارچہ ترکرکے مقام سوختہ پر رکھیں۔
فوائد :۔ انشاء اللہ آبلہ نہ پڑے گا اور فوراً صحت ہوگی۔
گوہیری :۔ ناف پر قدرے روغن تلخ لگادیں۔
فوائد :۔ ایک بار کے عمل سے گوہیری کو کافی نفع ہوگا۔
عالمگیری پھوڑا :۔ حنا و مغز تخم ارنڈ دہی میں پیس کر ضماد کریں۔
فوائد :۔ پھوڑا مندمل ہو جائے گا۔
مہاسے :۔ چھوہارہ کی گٹھلی سرکہ میں گھسکر لگائیں۔
فوائد :۔ چہرے سے جوانی کے کیلوں کو دور کرتی ہے۔

امراضِ مفاصل

وجع المفاصل :۔ بانس کا تیل بطور چوپا کے ٹپکا کر نکالیں اور مالش کریں۔
فوائد :۔ وجع المفاصل (گنٹھیہ) کیلئے مفید ہے۔
ایضاً :۔ چھوہارہ کو مغز سے پاک کرکے اس میں بھینسیا گوگل بھر کر آرد گندم میں

پسیٹ کر کھوبھل میں دبادیں۔ جب پختہ ہو جائے تو لنکالکر آرد سے پاک کر کے چھوہارہ کو کوٹکر نخودی گولیاں بنالیں۔ روزانہ ایک گولی کھلایا کریں۔

فوائد:۔ ایک ہفتہ میں وجع المفاصل جاتار ہے گا۔

وجع المفاصل وبائی:۔ روغن کافور خانہ ساز کو سپرٹ کے ہمراہ سحق کر کے ہلکا ہلکا ضماد کریں۔

فوائد:۔ وبائی گنٹھیے کے لئے مجرب ہے

عرق النساء:۔ جس ٹانگ میں درد ہو اس طرف کے پاؤں کی درمیانی انگلی کی نچلی جانب کسی اوزار سے شگاف کردو۔

فوائد:۔ خونِ سیاہ کے چند قطرے نکل کر عرق النساء سے نجات حاصل ہو جائیگی مجرب ہے۔

دردِ نقرس:۔ جس پاؤں میں درد ہو اُس کی ایڑی پر ایک ہزار خالی سینگیاں لگانا شروع کریں۔ ۳ ماشہ ہلدی کو سفیدی بیضۂ مرغ میں خوب حل کرتے رہیں۔ سینگیاں ختم ہوتے ہی لیپ کر کے پٹی باندھیں۔ سات روز تک بندھا رہنے دیں اور پانی نہ لگنے دیں۔

فوائد:۔ دردِ نقرس کا نہایت مفید علاج ہے۔

دردِ ریاحی:۔ گومہ خورد ایک تولہ باریک پیسکر ۲ تولہ روغنِ کنجد میں ملا کر مالش کریں۔

فوائد:۔ ریاحی درد میں مفید ہے۔

ایضاً:۔ سونٹھ باریک پیسکر کپڑ چھان کر کے شیرہ دار میں گوندھیں۔ اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے ایک ایک گولی ایک ایک گھنٹے کا وقفہ دیکر کھلائیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کے ریاحی درد میں مفید ہے۔

حمیات

تپ لرزہ:۔ کالی زیری اور مصری ہموزن لیکر عرقِ لیموں میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ اور صبح و شام ایک ایک گولی کھالیں۔

فوائد:۔ تپ لرزہ کے لئے سریع الاثر ہیں۔

تپ رُبع (چوتھیا):۔ ایک پتی بہل کی اور ایک پتی دھتورہ کی پیسکر گولی بنائیں اور مریض کو کھلا دیں۔

فوائد:۔ انشاء اللہ پہلے ہی روز تپ دور ہوگا۔

تپِ صفراوی:۔ برگِ ہارسنگھار ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ عدد گھوٹکر پلائیں۔

فوائد:۔ تپِ صفراوی کیلئے مفید ہے۔

تپِ دق:۔ گلوئے سبز کوفتہ ۶ ماشہ۔ الائچی کلاں مع پوست کوفتہ ایک عدد۔ برگِ سونٹھ باریک تراشیدہ ۳ عدد۔ تینوں کو رات بھر ظرفِ گلی میں بھگو رکھیں۔ صبح چھانکر ۱ عدد کوری کنکری گرم کر کے اس میں بجھائیں اور ۱ ماشہ خاکشی چھڑک کر اور ۲ تولہ قند ملاکر ۳ ماہ تک پلائیں۔ جب مرض میں کمی ہو تو کھانا کھانے کے بعد ایک امرود پختہ نمک اور سیاہ مرچ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد:۔ تپِ دق کیلئے سہل الحصول نسخہ ہے۔

بواسیر

بواسیر خونی:۔ برگِ گیاشانہ لیکر اول کپڑے سے مٹی وغیرہ دور کریں۔ پھر پانی سے دھو کر باریک پیسکر ۱ ماشہ عرق نکالیں اور کپڑے میں چھان لیں۔ بعدہٗ آٹے کی ایک ٹکیہ ایک تولہ گھی میں ڈالکر پکائیں اور ملکر عرق مذکور اس میں ملاکر

نہار منہ ۳ روز تک کھائیں۔

فوائد :۔ خونی بواسیر کے لئے مفید ہے۔

بواسیر بادی :۔ تخم ہرس بار یک پیسکر ۳۔۳ ماشہ کی سات خوراک بنا کر ہموزن شکر سواری ملاکر نہار منہ ہمراہ شیر گاؤ یا ئبز ۲ تولہ گھی شامل کر کے کھلائیں۔

فوائد :۔ بادی بواسیر کو دور کرنے کے لیئے مجرب ہیں۔

ایضاً :۔ درخت گیندا مع بیخ و شاخ پیسکر ۲ مار عرق نکالیں اور اس میں ۲ مار چاول پکائیں۔ جب بھوک لگے تھوڑے تھوڑے چند بار کھائیں اور کچھ عرصے تک پانی نہ پئیں اور ترشی و مٹھائی سے پرہیز کریں۔

فوائد :۔ بادی بواسیر کے لیئے سود مند ہے۔

بواسیر خونی و بادی :۔ تخم ہارسنگھار ۲ ماشہ۔ مرچ ایک ماشہ دونوں کو پیسکر شکر کے شربت میں ملا چھانکر بوقت دورہ بواسیر وا جبائے خون اور صبح کو نہار منہ کم از کم ایک ہفتہ نوش کریں۔ دوران علاج میں گھی خوب کھائیں۔

فوائد :۔ خونی و بادی بواسیر کے لئے نہایت مفید ہے۔

بواسیر ہر قسم :۔ مٹی کے ٹھیکرے میں بارود رکھکر آگ پر رکھیں جب گرم ہو جائے تو بارود پر عرق مہائی ڈالکر بھپارہ دیں۔

فوائد :۔ بواسیری مسوں کو گرا کر بواسیر کو دفع کرتا ہے۔

ایضاً :۔ استخوان لنگہ سفید سوختہ ۲ تولہ۔ دہی ایک تولہ میں ملاکر ۳ روز متواتر صبح کو نہار منہ کھائیں۔ اور عرق گکروندہ میں ایک چھٹانک آرد گندم گوندھ کر روٹی پکاکر کھائیں

فوائد :۔ ہر قسم کی بواسیر دفع ہو جاتی ہے۔

ایضاً :۔ مغز تخم ریٹھہ اور شکر ہموزن ملکر سفوف تیار کریں۔ اگر مرض کہنہ اور

شدید ہو تو صبح و شام ایک ایک تولہ ورنہ صرف ایک وقت نہار منہ ایک تولہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ دو تین اسہال روزانہ آکر بہت جلد بواسیر رفع ہو جائے گی۔ فقیری نسخہ ہے۔

ایضاً:۔ تازہ ریچھ پتھر پر گھسکر پانی میں گھول کر اُس سے چند روز آب دست لیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کی بواسیر دور ہو گی۔

ایضاً:۔ آم کے درختوں میں اگر نیم کا درخت ملے تو اُس کی دو انگل کی لکڑی توڑ کر مریض کی کمر سے باندھیں۔

حکیم شوکت علی

فوائد:۔ بواسیر کو فوراً آرام ہوگا۔

مستہ ہائے بواسیر:۔ کتے کی داڑھ پانی میں گھسکر مسّوں پر چند بار لگائیں۔

فوائد:۔ بواسیری مستے بہت جلد تحلیل ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے۔

بھگندر:۔ سلاجیت اصلی تازہ ایک ماشہ کی گولی بنا کر بالائی میں لپیٹ کر نگل جائے اور اوپر سے کسی قدر دودھ پی لے۔

فوائد:۔ ۵ روز میں بھگندر سے نجات ہو گی۔

امراض مخصوصہ مرداں

سوزاک:۔ مولی کی چار قاش کر کے ۲ ماشہ پھٹکری اس میں ملائیں۔ شب بھر شبنم میں رکھ کر صبح کو کھائیں اور شکر کا ایک پیالہ اوپر سے پئیں۔

فوائد:۔ چند روز میں صحت ہو جائے گی۔ نیز اس سے پتھری بھی جاتی رہتی ہے

ایضاً:۔ درخت کپاس مع بیخ و برگ و بار جلا کر خاکستر کر لیں اور اُس کے ہموزن شکر ملا کر کفِ دست ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

فوائد:۔ ۱۲ روز کے استعمال سے سوزاک جاتا رہتا ہے۔

ایضاً :۔ گنتیا کا لعاب دہن لیکر اس کی پچکاری کریں.
فوائد :۔ پہلے روز ہی سوزاک کو مکمل صحت ہو گی۔ مجرب ہے۔
سُرمۂ سوزاک :۔ پُر شہوت بلغمی مزاج جوان عورت کے حیض کی گدی سے خون آلود کپڑا اتراشکر روغن کنجد میں کاجل بنائیں۔
فوائد :۔ آنکھوں میں لگانے سے سوزاک کو دفع کرتا ہے۔
حبس بول :۔ زعفران کا ریشہ پیشاب کے سوراخ میں رکھیں۔
فوائد :۔ پیشاب کھل کر آنے لگتا ہے۔
حابس بول :۔ کیکر کا گوند ۲ جزو شکر ایک جز ملا کر ۲۔ ۲ ماشہ صبح و شام کھائیں
فوائد :۔ سلسل بول (بار بار پیشاب آنے میں) نافع ہے۔
سلسل البول :۔ سرکہ میں ۳ روز نخود بھگو کر کھائیں اور قدرے سرکہ اوپر سے پی لیں۔
فوائد :۔ سلسل بول کو دور کرنے کے لئے مجرب نسخہ ہے۔
جریان :۔ سینکھی ہڑ اد بیز کاغذ کی مانند بنا کر موسم سرما میں چالیس دن ریڑھ کی ہڈی پر باندھیں۔
فوائد :۔ جریان کیلئے مجرب اور مزید باہ بھی ہے۔
ایضاً :۔ ایک برتن کے منہ پر باریک کپڑا باندھ کر اس پر سات بتاشے رکھیں اور اوپر گائے کا دودھ دوہیں۔ جب پاؤ بھر دودھ ہو جائے تو پارچہ الگ کر کے پی لیں۔
فوائد :۔ ۱۵ روز متواتر استعمال کرنے سے جریان دفع ہو جاتا ہے۔
احتلام :۔ السی زرد ۲ تولہ۔ رات کو مٹی کے کورے برتن میں پاؤ بھر پانی میں بھگو کر شبنم میں رکھیں۔ اور صبح آب زلال لیکر ۳ تولہ مصری ملا کر پئیں۔
فوائد :۔ ۱۲ روز میں احتلام رک جائے گا۔
تقویت باہ :۔ گل گڑھل خشک پیسکر ۲ مثقال قند کے ہمراہ روزانہ کھلائیں۔

فوائد :- ازحد مقوی باہ ہے۔

الیضاً :- اسگند ۲ درم کوٹ چھانکر ایک سیر شیر گاؤ میں جوش دیکر مصری ملاکر صبح و شام پئیں۔

فوائد : تقویت باہ کے علاوہ رنگ بھی سرخ ہو جائے گا۔

الیضاً :- نصف لگوڑا یا عرق برگِ لگوڑا سبز ۳ ماشہ۔ بیضۂ مرغ معہ زردی وسفیدی ۲ عدد۔ مغز بادام ۲ عدد سب کو ملاکر متواتر ۳ روز تک پلائیں۔

فوائد :- قوت باہ اور امساک کیلئے مفید ہے۔

الیضاً :- ایک تولہ برادہ نقرہ لیکر ایک مرغ جوان کو ایک رات دن بھوکا رکھکر آٹے میں برادہ کو گولیاں بناکر کھلائیں۔ اور پانی نہ پینے دیں اور نہ کچھ اور کھانے دیں۔ اور اُسے کھلا رکھیں تاکہ چلنے پھرنے سے ہضم ہو جائے۔ شام کو اُسے ذبح کر کے قورمہ پکاکر تین روز تک کھلائیں۔

فوائد :- تقویت باہ کے لئے نہایت عجیب اور مؤثر دوا ہے۔

طلاء :- برگِ لٹو پری سبز کو باریک پیسکر حشفہ اور سیون چھوڑکر صرف پشت ذکر اور کروٹوں پر ہلکا سا لیپ کریں۔ اندازاً ۱۰ منٹ کے بعد فوراً علیحدہ کر کے روغنِ سرسوں خالص لگاویں۔

فوائد :- خفیف سا اُپاڑ ہو گا اور نقایص دُور ہو جائیں گے۔ اس دوا کا نفع سال بھر کائل رہتا ہے۔ مجرب ہے۔

الیضاً :- مولی کے بیج روغن کنجد حل کر کے طلاکریں۔

فوائد :- نہایت مفید طلاء ہے۔

الیضاً :- سمندر پھل ۲ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ باریک پیسکر گاڑھا گاڑھا گھول کر حشفہ چھوڑ کر لیپ کریں۔ اوپر سے برگِ ارنڈ گرم کر کے باندھیں۔

فوائد :۔ تمام نقائص کو دور کرتا ہے۔ پرہیز :۔ گیارہ روز تک عورت کے پاس نہ جائیے۔ ورنہ سخت نقصان ہوگا۔

کلائی فوطہ :۔ رام رس مٹی کو لعاب گھی کوار میں ۱۲ گھنٹے بھگو کر خمیر کریں اور سوتے وقت فوطوں پر گرد اگرد رکھکر لنگوٹ کس دیں۔ دوا ہر روز بدل دینی چاہیئے۔

فوائد :۔ دو تین روز میں فوطے اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔

ایضاً و شکم :۔ گوگل ۲ تولہ لیکر خوب کوٹیں اول اُس میں سے پانی نکلے گا اور پھر اُسی میں جذب ہونے لگے گا اور نرم ہو جائے گا اُس وقت بیخ جلاپہ ایک تولہ اور شاہ پسند چھ ماشہ خوب باریک پیسکر ملا کر بقدر کنار دشتی گولیاں بنالیں اور روزانہ ایک گولی کا استعمال کریں۔

فوائد :۔ کلائی فوطے کے علاوہ شکم کو بھی مفید ہے۔

ایضاً :۔ گھونگے معہ گوشت پوست کے کوٹکر پکا کر باندھیں۔

فوائد :۔ ۳ روز میں فوطے درست ہو جاتے ہیں۔

ورم فوطہ :۔ افیون کا نیم گرم لیپ کرکے اوپر سے پارچہ باندھیں۔

فوائد :۔ ورم فوطے کے لئے مفید ہے۔

ملذذ :۔ بیگن تازہ گلحکمت کرکے بھوبل میں دبادیں۔ ایک گھڑی بعد نکال کر مٹی دور کرکے اس کا پانی نکال کر صاف کریں اور اُس میں چند عدد فلفل سیاہ و فلفل دراز (پیپل) تر کریں چوتھے روز نکال کر خشک کرکے سرمہ کی طرح مسحق کریں۔ اور شہد میں ملا کر عضو پر ملکر مشغول ہوں۔

فوائد :۔ حد درجہ .... ہے۔

ایضاً :۔ بیخ اندرائن پیسکر کف پا و ناخن دست و پا پر لیپ کریں اور خشک ہونے پر مشغول ہوں۔

ممسک:۔ بیخ سبز پودا ۶ ماشہ ۱ تولہ پانی میں گھونٹ کر پیئیں۔
فوائد:۔ بیحد امساک ہوتا ہے۔ مگر قدرے نشہ کرتا ہے۔

امراضِ مخصوصۂ نسواں

پستان بڑھانا:۔ اگر کسی عورت کے پستان کا صرف نشان ہی ہو اور پستان نمایاں نہ ہوں تو شحم فیل کا ضماد چند روز کریں۔
فوائد:۔ پستان پورے اُبھر آئیں گے۔

پستانوں میں دودھ جمنا:۔ موم کی روٹی پکا کر پستانوں پر باندھیں۔
فوائد:۔ دودھ جمنے (منجمد ہونے) کو مانع ہے۔

اختناق الرحم:۔ موم کی چھوٹی چھوٹی دو ٹکیہ بنا کر قدرے گرم کر کے دائی کے ذریعے رحم میں رکھی جائیں اور اس طرح دو تین بار عمل کیا جائے۔
فوائد:۔ اختناق الرحم کے لئے نافع ہے۔

تکلیف حیض:۔ بایو دا انگریزی کی ایک ایک ماشہ کی گولیاں کھلائیں۔
فوائد:۔ حیض کے درد اور تکلیف سے آنے کے لئے مفید ہے۔

مانع حمل:۔ زندہ نیولے کے ٹخنے کی ہڈی نکال کر عورت کی ران پر باندھیں۔
فوائد:۔ حمل قرار نہ پائے گا۔

درد و ورم رحم:۔ سفیدیٔ بیضۂ مرغ۔ شہد۔ کشنیز مساوی الوزن خوب حل کر کے ضماد کریں۔ فوائد۔ رحم کے درد اور ورم میں نہایت مجرب ہے۔

جریان الرحم۔ تخم بنولہ رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح کو مل چھان کر قدرے شکر ملا کر پلائیں۔
فوائد:۔ دو تین روز میں شفا ہوگی۔

امراضِ اطفال

سوکھا پن :۔ گدھی کا دودھ ۲ تولہ بوقت صبح پلائیں۔
فوائد :۔ مرض سوکھا میں مفید ہے۔
ایضاً :۔ قبل طلوع آفتاب چند قطرے شیر گو لیکر ایک بتاشے میں ڈال کر بچے کو کھلائیں
فوائد :۔ چار روز کے استعمال سے بچہ موٹا تازہ ہو جائے گا۔
ایضاً :۔ سیاہ بکرے کے ۲۔۳ مینگنے شب کو بھگوئیں اور صبح کو مل چھانکر پلائیں۔
فوائد :۔ سوکھا والے بچے کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔
ایضاً :۔ قبل طلوع آفتاب کھیت اوکھاڑے پر لیجا کر ایک گوشے سے اندر لیجا کر بچے کو نہلائیں۔ اس کے کپڑے وہیں ڈالدیں۔ اور دوسری جانب سے بچے کو نکال لے جائیں۔ پیچھے پھر کر نہ دیکھیں
فوائد :۔ اوکھاڑے خشک ہو جائیں گے۔ اور بچہ تندرست ہو جائے گا۔
ام الصبیاں :۔ کسی کا نیچے کا دانت لیکر بچے کے گلے میں ڈالیں۔
فوائد :۔ ام الصبیاں کو بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔

متفرق نسخہ جات

بال صفا :۔ ایک چھچوندر مار کر اس کے شکم کو آلائش سے پاک کر کے ایک ڈلی ہڑتال کی اُس میں رکھیں اور شکم کو سی کر گھوڑی کی لید میں چالیس روز دفن کریں پھر نکال کر پیس لیں اور جس جگہ سے بال صاف کرنے ہوں ضماد کریں۔
فوائد :۔ تھوڑی دیر بعد اُس جگہ سے بال اُڑ جائیں گے۔ پھر ہرگز وہاں پیدا نہ ہوں گے۔ مجرب ہے۔

زہرِ عقرب:۔ مٹی کا تیل اور نمک باہم ملا کر مقام گزند پر لیپ کریں۔
فوائد:۔ بچھو کے زہر کو زائل کرتا ہے۔ اور تکلیف سے نجات دیتا ہے۔
بلغمی مزاج کی اصلاح:۔ گوند ببول روزانہ ایک چاول کھا لیا کریں۔
فوائد:۔ بلغمی مزاج والوں کے لئے ازحد مفید ہے۔
بلغمی پتی:۔ تین ماشہ کالی زیری پھانک کر اوپر سے پانی پی لیں۔
فوائد:۔ بلغمی پتی کے مریض کو فوراً صحت ہو گی۔
پتی اچھلنا:۔ گل مولسری ایک تولہ۔ گیرو ۶ رتی۔ ہر دو کی گلاب بقدر ضرورت میں گولیاں بنا لیں۔ وقتِ ضرورت عرقِ گلاب میں گھسکر جسم پر پالش کریں۔
فوائد:۔ پتی اچھلنا فوراً موقوف ہو جائے گا۔
ایضاً:۔ آدھ پاؤ شہد کا سر د پانی میں شربت بنا کر پلائیں۔
فوائد:۔ دو گھنٹے میں انشاءاللہ صحت ہو گی۔
جونک اور کانٹا نکالنا:۔ اسپنج کا ایک ٹکڑا ریشم کے ڈورے میں باندھکر نگل جائیں اور تھوڑی دیر کے بعد کھینچکر نکالیں
فوائد:۔ جونک اور ان کانٹوں کو نکالنے کے لئے جو حلق میں چپک گئے ہوں۔ بے مثل ہے۔
خضاب:۔ حنظل (اندرائن) کے پھل کا تیل نکالکر لگائیں۔
فوائد:۔ بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ لیکن خوبی یہ ہے کہ اس سے جلد اور ہاتھ سیاہ نہیں ہوتے۔
ایضاً:۔ اگر کوئی شخص ایک سال تک تخم پنواڑ کا ساگ ترکاری کی طرح کھائے تو بال بالکل سیاہ ہو جائیں گے۔
سانپ سے حفاظت:۔ ڈیڑھ تولہ پارہ بازو پر باندھیں۔

فوائد :۔ سانپ کبھی قریب نہ آئے گا۔

شیر کا بال کھا جانا :۔ کسوندی کے بیج اور پھول پیسکر غلولہ بنا کر کھلائیں۔

فوائد :۔ تھوڑی دیر بعد قے ہو کر شیر کا بال نکل جائے گا۔

کنکھجورہ کا علاج :۔ اگر کنکھجورہ چمٹ جائے تو گچی شکر اس پر چھڑکنا چاہیئے۔

فوائد :۔ فوراً علیحدہ ہو جائے گا۔

نارو :۔ مور کے پر کے داغ کو کتر کر نہایت باریک کر کے گڑ میں گولی بنا کر نگل جائیں اور اوپر سے ۲ تولہ شکر کھا لیں۔ گولی آفتاب نکلنے سے پہلے کھائیں اور تمام دن فاقہ کریں۔

حکیم شوکت علی

فوائد :۔ نارو کے لئے نہایت مفید ہے۔

ایضاً :۔ ایک عدد کینچوا گڑ میں رکھکر نگلیں اور ۳ روز اسی طرح کریں۔

نشہ :۔ برگ سبز ارہر ۲ تولہ گھوٹ کر پلا دیں۔

فوائد :۔ افیون ۔ چرس ۔ دھتورہ خوردہ کو عموماً اور بھنگ خوردہ کو فوراً صحت ہو گی۔

زہر مار :۔ مقام گزند پر سرکہ نیشکر خوب ملا جائے۔

فوائد :۔ سانپ کے زہر کو دور کرتا ہے۔

ایضاً :۔ ڈنک کے مقام پر چار پانچ مگس خانگی (گھریلو مکھیاں) مل دیں۔

فوائد :۔ زہر دور ہو جائے گا۔

زہر سگ دیوانہ :۔ جونک ۴ ماشہ باریک پیسکر ایک پیسہ کے دہی میں ملا کر مریض کو کھلا دیں۔

فوائد :۔ سگ گزیدہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔ بشرطیکہ آدمی زہر سگ سے دیوانہ ہو گیا ہو۔ اچھے آدمی کو نہیں کھلانا چاہیئے کیونکہ یہ دوا سمیات سے ہے۔

بدبوئے بدن :۔ لیموں کے پتوں کا عرق جسم پر ملیں۔

فوائد :۔ بدن کی بدبو دور ہو جاتی ہے

طبی دائمی کیلنڈر یا کامل تشریحی نقشہ

یہ ایک نو ایجاد تشریحی نقشہ مع دائمی جنتری ہے جس میں اعضائے جسمانی کی صحیح تصاویر ہیں اور ان کی ضروری تشریح بھی ساتھ ہی ساتھ درج ہے۔ تاکہ تشریح کیلئے مطولات دیکھنے کی ضرورت نہ رہے۔ قریب ایک گز طویل۔ ڈھائی فٹ عریض موٹے کاغذ کے تختہ پر درمیان میں جسم انسانی کی تین پوری تصویریں ہیں۔ ایک میں ہڈیوں کا ڈھانچہ دکھایا گیا ہے دوسری میں رگیں اور درمیان میں تمام اعضاء کی ایک مکمل تصویر نہایت خوبصورت اور صحیح۔ ان تصاویر کے گرداگرد تمام اعضا اپنی اصلی شکل میں علیحدہ علیحدہ دکھائے گئے ہیں۔ دماغ۔ کھوپری۔ ذہن کے سامنے کا حصہ۔ سر۔ گردن۔ ماتھا اور اس کے متعلقات چشم اور اس کے متعلقات۔ ناک۔ زبان۔ جبڑے۔ طحال۔ اعصاب۔ دل۔ پھیپھڑے۔ چھاتی پیٹ۔ معدہ۔ انتیں اور متعلقات جگر۔ پتہ۔ گردہ۔ رحم اور لبلبہ۔ خصیہ اور دیگر اعضائے خصوصی۔ غرض تمام چھوٹے بڑے اعضائے انسانی کی الگ الگ تصاویر درج کر کے ان کے متعلق ضروری معلومات کو نوٹ کی صورت میں درج کر دیا گیا ہے۔ کاغذ کو پائیدار بنانے اور لٹکانے لپیٹنے کی سہولت کیلئے پیچھے سر بسر کپڑا لگوا دیا گیا ہے اور نیچے چوبی رول۔ گرد و غبار اور پانی سے محفوظ رکھنے کیلئے ولائتی پالش اور روغن لگایا گیا ہے۔ روغن کے اندر رنگ بھر دیئے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بہت سے طبی اور تشریحی امور کا ذکر ہے۔ جو دیکھنے ہی سے تعلق رکھتے ہیں۔ سب سے اوپر ایک دائمی جنتری کا نقشہ ہے۔ جس کے ذریعہ آپ گزشتہ و آئندہ سالوں کے دن اور تاریخ معلوم کر سکتے ہیں اور یہ جنتری کبھی بیکار نہیں ہو سکتی۔ دکانوں اور بیٹھکوں میں اسے لٹکائیے خصوصاً کسی حکیم۔ وید۔ ڈاکٹر کا مطب اس سے خالی نہ رہنا چاہیے آرائش کے علاوہ نہایت کارآمد اور مفید چیز ہے۔ اس کی ترتیب اور تیاری میں آفتاب حکمت جناب حکیم عبدالعزیز صاحب کامل مرحوم ایل ایم ایس ایچ ایچ سابق ایڈیٹر اخبار حکمت نے اپنا بہت سا قیمتی وقت صرف کیا ہے اس کیلنڈر کی شہرت اور مقبولیت کا اندازہ کچھ اس امر سے بھی ہو سکتا ہے کہ اس قلیل عرصے میں دس ہزار کے قریب فروخت ہو چکا ہے۔ ہندوستان کے مشہور و ممتاز اطبا اور اہل علم نے اسی قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ عام قیمت عہ

منگانے کا پتہ:۔ کامل بکڈپو (طبی مرکز اشاعت) لاہور

مجربات کے مخفی خزانے

بیاض مخفی یعنی مطب شفاء الملک آفتاب حکمت عالیجناب حکیم رضی الدین خان صاحب شفاء الملک مرحوم آنریری مجسٹریٹ دہلی کا نام طول و عرض ہند میں نہایت عزت و عظمت سے لیا جاتا ہے۔ آپ کے خاندانی مجربات اور آپ کے دستور العلاج کی شہرت دور دور تک ہے آپ کے مجربات کی قدر و قیمت دیکھ کر آپ سے درخواست کی گئی اور آپ نے ازراہ عنایت اپنے خاص مجربات ہمیں مرحمت فرمائے جنھیں بڑی محنت اور ترتیب کے ساتھ شائع کیا ہے۔ بیاض مخفی دراصل ہندوستان کے سب سے بڑے طبی خاندان کی اکسیری صدری مجربات کا خزانہ ہے۔ جسمیں طلاء معاجین سر سے پیر تک کے مطب کے نسخے ہیضہ نواسیر و امراض مخصوصہ کے مجربات ہیں۔ قیمت ایک روپیہ۔ مجلد سنہری کتاب

ہندی فارماکوپیا

مؤلفہ رئیس المعالجین حکیم محمد انوار تھانوی۔ اس کتاب میں مؤلف ممدوح نے بڑی محنت اور عرق ریزی سے سر سے پیر تک تمام امراض کے وہ نسخے ترتیب کے ساتھ جمع کئے ہیں جو قلیل الاجزاء سہل الحصول اور سو فیصدی کامیاب ہو چکے ہیں۔ ویدک۔ یونانی۔ ڈاکٹری غرض تمام مقبول طریقہ ہائے علاج کے مستند مجربات کا انتخاب اس میں پیش کیا گیا ہے۔ جنھیں ملک کے مستند اطبا اپنا معمول مطب بنائے ہوئے ہیں۔ قیمت ۸

مخزن مجربات یعنی سینہ بسینہ چٹکلے

اس کتاب میں ایک ایسے بزرگ کا سرمایۂ تجارب جمع کیا گیا ہے۔ جن کی عمر کا بیشتر حصہ نسخہ جات کی تلاش و جستجو میں جنگلوں اور پہاڑوں کے سادھوؤں اور سنیاسیوں اور دیگر اہل تجربہ حضرات کی صحبتوں میں گزرا ہے۔ نسخہ جات سہل الحصول اور آزمودہ ہیں۔ ہر مرض کے آسان چٹکلے۔ یہ مجموعہ قیمت مجلد سنہری کتاب ایک روپیہ ۱ عہ

ملنے کا پتہ:۔ کامل بکڈپو اطبی مرکز اشاعت لاہور

کاشفِ رموزِ کیمیا

مؤلفہ آفتابِ حکمت حکیم محمد عبدالعزیز صاحب کامل مرحوم ایل ایم ایس / ایچ پی ایچ ایچ

اسمیں قدیم علم صنعت اور جدید کیمسٹری کی دلچسپ تاریخ مشرقی اور مغربی تحقیق کا نچوڑ۔ مشاہیرِ عالم کیمیاگروں کے رموز و نکات کیمیاوی اصطلاحات و معمہ جات کی تشریح۔ کیمیاوی بوٹیوں کا مفصل تذکرہ اور انکے ذریعہ اعمال کی شگفت و نشست۔ قیامِ ارواح۔ اجساد و اجسام وغیرہ کا بیان ہر ایک دھات اپدھات معدنی احجار و حیوانات کے طبی۔ کیمیاوی نیز صنعتی افعال و خواص اکسیری نسخہ جات تراکیب کشتہ جات۔ اصلاح۔ تدبیر۔ قیام وغیرہ کا انتہائی ذخیرہ پیش کیا گیا ہے۔

حضرت کامل مرحوم اور دیگر اہلِ تجربہ حضرات کے تجارب بھی منظرِ عام پر لائے گئے ہیں۔ اردو میں فنِ کیمیا پر یہی ایک جامع کتاب تسلیم کی گئی ہے ضخامت ۵۰۴ صفحات قیمت مجلد سنہری تین روپے آٹھ آنے (۳ ؍۸)

ملنے کا پتہ۔ کارکن کامل بکڈپو طبی مرکز اشاعت لاہور

معینِ عالم جنتری میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیں اجرت کے لئے کامل بکڈپو لاہور سے خط و کتابت کریں

تین ہزار خاندانی اور صدری مجربات اعمال اور کشتہ جات کا نادر مجموعہ

اِسرار حکمت یا اسرار الاطباء

اس کتاب کی تین ضخیم جلدوں میں ہندوستان کے پانچ صد اطباء، وید اور ڈاکٹر صاحبان اور دیگر اہل تجربہ حضرات کے اسراری مجربات اور معمول نسخہ جات بڑی محنت اور کوشش میں ایک عمر صرف کرنے کے بعد حاصل کر کے شائع کئے گئے ہیں۔ تمام نسخہ جات تجربہ کے بعد تصدیق ہو چکے ہیں۔ اپنی طرز کی پہلی اور لاثانی کتاب ہے۔ مشاہیر اطباء ممتاز اہل الرائے اور ناموران کا متفقہ فیصلہ ہے کہ یہ نسخہ جات جواہرات میں تولنے کے قابل ہیں۔ نیز اس کتاب کو مشرقی طب کا اولین فارما کوپیا تسلیم کیا گیا ہے۔ سر سے پیر تک کے تمام امراض کے متعلق ہر ہر ایسے ایسے گوہر نایاب مہیا کئے گئے ہیں جن کی رونق اس سے پہلے حکماء کے مطب اور اہل تجارب کے سینوں تک محدود تھی۔ ہندوستان کے کامیاب دواخانے شفاخانے انہیں نسخہ جات کی بدولت آج بام ترقی پر نظر آ رہے ہیں۔ تیسری جلد میں اسکے مؤلف شہید فن آفتاب حکمت حکیم عبد العزیز صاحب کامل مرحوم ایل ایم ایس پنجاب نے اپنا تمام و کمال مطب پیش کر دیا ہے جس سے کتاب کی قدر و منزلت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اول و آخر سہولت کیلئے فہرستیں شامل کی گئی ہیں۔ ضخامت ... صفحات قیمت مجلد کتاب سنہری آٹھ روپے دس آنے (۱۰/۸)

ملنے کا پتہ: کارکن کامل بکڈپو (طبی مرکز اشاعت) لاہور